© rasailojaraid.com

مخصوص فنی پرچہ ہے جس میں قانون اور اس کے متعلقات پر مفید مضامین شائع کیے جاتے ہیں۔ ایک حصہ قانونی سوالات اور ان کے جوابات کے لیے مختص ہے جس سے غیر قانونی لوگ بھی مستفید ہوسکتے ہیں۔

**الاطفال** | رسالہ ہمدرد صحت دہلی کا خاص نمبر ہے جس میں دو سو صفحے کے مضامین صرف ایک موضوع پر جمع کیے گئے ہیں یعنی بچوں کی پرورش، نگہداشت، تربیت جسمانی، حفظان صحت، اور امراض و علاج وغیرہ۔ مضمون نگاروں میں ہندوستان اور یورپ کے اچھے اچھے ڈاکٹر اور اطبا شامل ہیں۔ ادارۂ ہمدرد صحت نے یہ رسالہ شائع کر کے درحقیقت ایک مفید اور قابل قدر خدمت انجام دی ہے۔

قیمت قسم اعلیٰ ۱۲؍ قسم ادنیٰ ۸؍

**تفسیر قرآن** | مؤلفہ پادری جے علی بخش صاحب، لاہور۔ قیمت عہ۔

پادری صاحب نے اس کتاب میں قرآن مجید کی صرف مکّی سورتوں کو الگ کر کے ان کو بلحاظ نزول مرتب کیا ہے، اور ان کی تفسیر لکھی ہے۔ ایک عیسائی مصنف سے ہم امید نہیں کرسکتے کہ وہ قرآن مجید کی تفسیر بالکل مسلمانوں کے نقطۂ نظر سے لکھے گا۔ خصوصاً جب کہ خود مسلمان مفسر آج کل قرآن کے معانی بیان کرنے میں طرح طرح کی جدتیں کر رہے ہیں، تو ایک عیسائی مفسر کی جدت طرازی کسی طرح بھی محل شکایت نہیں ہوسکتی لیکن اس بات کا ہم کو کھلے دل سے اعتراف کرنا چاہیے کہ پادری صاحب نے تفسیر میں جو لہجہ اور انداز بیان اختیار کیا ہے وہ بالکل ایک صاحب علم اور نیک نیت اور تحقیق پسند آدمی کے شایان شان ہے۔ ان کے پیش نظر صرف ایک مقصد ہے جس کو انہوں نے اپنی "التماس" میں ظاہر کر دیا ہے، اور وہ یہ ہے کہ قرآن مجید کا مطالعہ بائبل کی روشنی میں کریں۔ اس کوشش میں جگہ جگہ ان سے لغزشیں ضرور ہوئی ہیں، مگر من حیث المجموع انہوں نے کامیابی کے ساتھ قرآن مجید کی تعلیمات اور اس کے قصص کی تائید میں بائبل کی تعلیمات اور اس کے قصص پیش کیے ہیں۔ مصنف ایک سچے عیسائی کی طرح وحی و الہام اور نزول کتب آسمانی کے قائل ہیں۔ اور اس کے ساتھ گو انہوں نے صاف الفاظ میں قرآن کے منزل من اللہ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ............

© rasailojaraid.com